بیان حلفی/اقرار نامہ برائے تمباکوکمپنی

میں مسمی ــــــــــــــ ولد ــــــــــــــ حامل قومی شناختی کارڈ نمبر ــــــــــــــ

بقائمی ہوش و حواس حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ

1 - میں ــــــــــ کمپنی کا *ڈائیریکٹر/منیجر/سیکرٹری/آفسیر/ایجنٹ ہوں میری کمپنی کا نیشنل ٹیکس نمبر ــــــــــــــ ہےاور میری کمپنی ــــــــ کلو گرام FCV ــــــــ کلو گرام DAC ــــــــ کلو گرام WPاور ــــــــ کلو گرام برلے تمباکو کی خریداری پاکستان ٹوبیکو بورڈکےقوانین کے مطابق برائے سال 2024 کرےگی۔

2. میری کمپنی تمباکو کوٹہ کی مقدار کے مطابق تمباکو کے کاشتکاروں کے ساتھ ایگریمنٹ کرےگی اور ایگریمنٹ لِسٹ پاکستان ٹوبیکو بورڈ کو مہیا کرے گی۔اور ان تمام کاشتکاروں سے تمباکو کی خریداری کو یقینی بنائے گی۔

3- میری کمپنی ٹوبیکو مارکیٹنگ کنڑول رولز 2016 کی شِق نمبر (10) کے تحت ٹوبیکو بورڈ کی مقرر کردہ تاریخ سے تمباکو کی خریداری شروع کرے گی اور جلد اِز جلد اپنا کوٹہ ختم کرنے کی پابند ہوگی۔

4- میری کمپنی ٹوبیکو مارکیٹنگ کنڑول رولز 2016 کی شِق نمبر (9) کے مطابق تمباکو کی خریدی گئی مقدار کے عوض کا شتکا روں کو پی ٹی بی کے شیڈول کے مطابق ادائیگی کرے گی۔

5- میری کمپنی ٹوبیکو مارکیٹنگ کنڑول رولز 2016 کی شِق نمبر (4) کے تحت اپنے کوٹہ کے مطابق کاشتکاروں سے 31 دسمبر2023 تک اپنے ایگریمنٹ مکمل کرے گی ،اور اس کا تمام ریکا رڈ 15 جنوری 2024 تک پاکستان ٹوبیکو بورڈ ہیڈ آفس پشاور کو مہیا کرنے کی پابند ہوگی ۔

6- میری کمپنی ٹوبیکو مارکیٹنگ کنڑول رولز 2016 کی شِق نمبر (3) کے مطابق 31 مئی 2024 تک اپنے تمام پرچیز سنٹرز کی لسٹ پاکستان ٹوبیکو بورڈ ہیڈ آفس پشاور کو مہیا کرنے کی پابند ہوگی۔

7- میری کمپنی اپنے تمام ڈپوؤں پر کاشتکاروں کے ہجوم اور رش سے بچنے کیلئے تمباکو کی خریداری کے وقت تمام ایگریمنٹ ہولڈرز کو مناسب طریقہ کار کے مطابق مختلف تواریخ میں خریداری کے لیے تقسیم کرے گی اور اِسی طے کردہ شیڈول کے مطابق خریداری کرنے کی پابند ہوگی۔

8- میری کمپنی تمباکو کی فروخت کے لیے آنے والے تمام کاشتکاروں کے لیے مناسب بیٹھنے کی جگہ،پینے کیلئے صاف پانی کی فراہمی اور گاڑیوں کی پارکنگ کا مناسب انتظام کرے گی۔

9- میری کمپنی ٹوبیکو بورڈ کی طرف سے وقتاً فوقتاً آنے والے تمام قانونی احکامات کی پابندی کرے گی۔

دستخط ____________________

بتاریخ ____________________

* **نوٹ** ۔اپنے مناسب عہدے کو منتحب کریں اور درج کریں۔

سو(100) روپے سٹام پیپر پر نوٹری پبلک سے تصدیق کروا کے جمع کروائیں